ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ کی ہدایت پر جراثیم کش ادویات کے اسپرے مہم کا آغاز کیا گیا

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سر بلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ: 09-10-2023

حوالہ نمبر: TMC-G/INF/0004/20

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ ہم سب سرکاری وسائل کے امین ہیں سو فیصد عمل کرنے کا عہد کیا ہے کہ اپنی ذمے داری ادا کرنے میں کسی قسم کی کمی نہیں کرینگے ہماری پارٹی کا منشور ہے عوام کے وسائل ان کو حل کرنے میں لگنے چاہیے جس پر ہمارا گڈاپ ٹاؤن سختی سے عمل پیرا ہیں جیسا کہ گڈاپ ٹاؤن میں مچھر، مکھی، ڈینگی و دیگر حشرات الارض کے خاتمے کے لئے جراثیم کش ادویات کے اسپرے مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے تا کہ صحت مند اور صاف ستھرا ماحول گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو فراہم کیا جا سکے۔ چیئرمین گڈاپ ٹاؤن طارق عزیز بلوچ نے ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ اور سینئر سی ایس آئی افضل لغاری، ڈائریکٹر فیومیگیشن شفیع بلوچ کو ہدایت دی کہ گڈاپ ٹاؤن میں تمام یوسیز میں اسپرے مہم کو اپنی نگرانی میں کروایا جائے تا کہ ان حشرات الارض کی پیدائش اور افزائش کو کنٹرول کیا جائے، اس موقع پر وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو، میونسپل کمشنر احمد یار، افسر مالیات افتخار دایو، پارلیمانی لیڈر وممبر کونسل میر عباس تالپور، اور دیگر ممبر اور افسران بھی موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

0321-2271149